# 22-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱)صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترقی یافتہ ملک بنانے کے لئے تمام شہریوں سے کہا کہ وہ کسی بھی معاملہ میں اپنے ملک کو ترجیح دیں۔

۲) تلنگانہ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے منحرف ارکان اسمبلی کے معاملہ میں انسدادِانحراف قانون کے مطابق کوئی مناسب فیصلہ کرنے کی اسمبلی اسپیکر کو ہدایت دی۔

۳)امریکہ کی ایک عدالت کی جانب سے اڈانی گروپ پر رشوت کے الزامات کے تحت فردِ جرم عائد ہونے کے بعد بی آر ایس نے تلنگانہ کی کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا کہ اڈانی گروپ سے کئے گئے تمام معاہدوں کو منسوخ کردیا جائے

۴)وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔

☆☆☆

ریاست کا دوروزہ دورہ مکمل ہونے پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دوپہر نئی دہلی روانہ ہوئیں۔بیگم پیٹ ایئرپورٹ پر صدر جمہوریہ کو شاندار وداع دی گئی۔ریاستی گورنر جشنو دیو ورما، وزیر پنچایت راج ڈاکٹر ڈی اناسویا سیتا اکّا، مرکزی وزیر کشن ریڈی اور دیگر مہمانوں نے صدر جمہوریہ کو وداع کیا۔اپنے اس دورہ کے دوران صدر جمہوریہ نے کل رات کوٹی دیپوتسوم کی تقریب میں شرکت کی۔انہوں نے آج صبح ہندوستان کے عظیم ثقافتی ورثے کو ظاہر کرنے والی ایک تقریب لوک منتھن بھاگیہ نگر 2024ء کا شلپا کلا ویدکا میں افتتاح بھی کیا۔

☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترقی یافتہ ملک بنانے کے لئے تمام شہریوں سے کہا کہ وہ کسی بھی معاملہ میں اپنے ملک کو ترجیح دیں۔حیدرآباد میں لوک منتھن کے چوتھے ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے تمام شہریوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی ثقافت اور روایات کو اچھی طرح سمجھیں۔دروپدی مرمو نے کہا کہ کئی چیلنجوں کے باوجود ملک کی یکتا برقرار رہی۔انہوں نے کہا کہ ملک کو تقسیم کرنے اور یہاں کے سماج کو کمزور کرنے کے لئے برسوں کوششیں کی گئیں لیکن یہاں کے اتحاد کو نہیں توڑا جاسکا۔صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ پوری دنیا ہندوستان کے مذہبی عقائد، آرٹ، میوزک، تکنالوجی، طبی نظام، یہاں کی زبانیں اور ادب کا احترام کرتی ہیں۔دروپدی مرمو نے کہا کہ ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ اپنے آباواجداد کی روایات کو مضبوط کریں۔ریاستی گورنر جشنو دیو ورما، مرکزی وزرا کشن ریڈی، بنڈی سنجے، آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت بھی اس پروگرام میں موجود تھے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر تعلیم دھرمندر پردھان نے وزیر محنت و روزگار منسکھ مانڈویا کے ہمراہ آج نئی دہلی میں آپ کے گھر کی دہلیز تک روزگار کے موضوع پر ایک رپورٹ جاری کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے دھرمیندر پردھان نے 6 ریاستوں کا احاطہ کرتی ہوئی ورلڈ بینک کی تفصیلی رپورٹ پر ورلڈ بینک ٹیم کو مبارکباد دی۔انہوں نے ملک بھر میں اس طرح کے سروے کی تجویز دی۔مرکزی وزیر نے کہا کہ رپورٹ میں کافی تفصیل کے ساتھ روزگار کے حوالہ سے مواد جمع کیا گیا ہے اور اس سے بڑے پیمانے پر آبادی کو روزگار فراہم کرنے اور ترقیاتی پالیسی وضع کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے روزگار اور ملازمت کو مزید بڑے زاویہ کے ساتھ دیکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ کی ڈویژنل بنچ نے اس سے قبل سنگل بنچ کی جانب سے جاری کردہ ایک احکام کو خارج کرتے ہوئے اسمبلی اسپیکر کو ہدایت دی کہ انسدادِانحراف قانون کے مطابق کوئی مناسب فیصلہ کرے۔اس سے پہلے ہائی کورٹ کی سنگل بنچ نے اسمبلی اسپیکر گڈم پرسادکمار کو ہدایت دی تھی کہ وہ منحرف ارکانِ اسمبلی کی نااہلی سے متعلق 4 ہفتوں کے اندر فیصلہ کرے۔اسمبلی سکریٹری نے ڈویژن بنچ میں ایک ریٹ اپیل داخل کرتے ہوئے اس فیصلہ کو چیلنج کیا تھا۔اپنے فیصلہ میں چیف جسٹس کی قیادت والی بنچ نے کہا کہ اس معاملہ میں اسپیکر ہی کوئی حتمی فیصلہ کریں گے اور اس کے لئے وقت کا کوئی تعین نہیں ہے۔واضح رہے کہ بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی پی کوشک ریڈی اور کے پی وویکانند نے عدالت میں عرضی داخل کرتے ہوئے کڈیم سری ہری، ٹی وینکٹ راؤ اور دانم ناگیندر کو نااہل قرار دینے کی اپیل کی تھی۔تینوں ارکانِ اسمبلی بی آر ایس کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے تھے تاہم بعد میں انہوں نے کانگریس میں شمولیت اختیار کی تھی۔بی جے پی لیجسلیچر پارٹی لیڈر روائی مہیشور ریڈی نے بھی ڈی ناگیندر کو نااہل قرار دینے کے لئے عدالت میں عرضی داخل کی تھی۔

☆☆☆

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے اقتصادی ترقی کو مزید تیز کرنے کے لئے آڈیٹ کی اہمیت کو اجاگر کیا۔آڈیٹ ہفتہ 2024ء کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کوشلیا کے ارتھ شاستر کا حوالہ دیا اور حکمرانی میں ان کے رول کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ کوشلیا نے خزانچی اور کنٹرولر آڈیٹر کے علیحدہ دفاتر قائم کرنے کی سفارش کی تھی، تاکہ احتساب کو بڑھایا جائے اور مفادات کے ٹکراؤ کو کم کیا جاسکے۔اس سے قبل اپنے خطاب میں پرنسپل اکاؤنٹینٹ جنرل چندا پنڈت نے حیدرآباد میں کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کے 6 فیلڈ آفیسس کے اہم رول پر روشنی ڈالی۔

☆☆☆

ریاستی وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے ریاست میں سرکاری دواخانوں کی فارمیسیوں میں سنتھیٹک ڈرگس جمع کرنے کے خلاف فارمیسسٹ کو انتباہ دیا۔ریاستی محکمہ صحت کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ اگر سرکاری دواخانوں کی فارمیسی میں سنتھیٹک ڈرگس پائی گئی تو کارروائی کریں۔ریاستی وزیر نے سنٹرل میڈیکل اسٹورس میں دواؤں کی سپلائی کے لئے فارمیسی اسٹاف، انفرااسٹرکچر اور گاڑیوں کی دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔انہوں نے ریاست بھر میں طبی سہولیات اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے تشکیل کردہ ٹاسک فورس کی سفارشات پر غور کیا۔

☆☆☆

سنٹرل بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن سی بی ایس ای نے سنگل گرل چائلڈ کے لئے میرٹ اسکالرشپ اسکیم کیلئے اہل طالبات سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ایسی طالبات درخواست دینے کی اہل ہیں، جنہوں نے سال 2024ء میں دسویں جماعت میں کامیابی حاصل کیں اور اب کسی بھی سی بی ایس ای سے ملحقہ اسکول میں 11 ویں جماعت میں زیر تعلیم ہیں۔سال 2023ء بیچ میں دسویں جماعت کامیاب ہونے والے طالبات سے بھی اسکالرشپ کی تجدید کے لئے آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 نومبر رہے گی۔

☆☆☆

امریکہ کی ایک عدالت کی جانب سے اڈانی گروپ پر رشوت کے الزامات کے تحت فردِ جرم عائد ہونے کے بعد بی آر ایس نے تلنگانہ کی کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا کہ اڈانی گروپ سے کیئے گئے تمام معاہدوں کو منسوخ کر دیا جائے اور اڈانی گروپ کی جانب سے ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کو دیئے گئے 100 کروڑ کے عطیہ کو بھی واپس کیا جائے۔حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راماراؤ نے کہا کہ مرکز میں بی جے پی قیادت والی حکومت اور ریاست میں کانگریس قیادت والی حکومت کے برعکس سابق بی آر ایس حکومت نے ریاست میں اڈانی گروپ کے لئے کبھی بھی سرخ قالین نہیں بچھائی۔ واضح رہے کہ ریونت ریڈی حکومت نے اڈانی گروپ سے سرمایہ کاری کی 12 ہزار 400 کروڑ روپے کے دو معاہدوں کا اعلان کیا ہے جس میں 5 ہزار کروڑ روپے مالیتی دو پمپ اسٹوریج پاور جنریشن پروجیکٹس شامل ہیں۔

☆☆☆

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹ پروٹیکشن ایجنسی ہائیڈار کے کمشنر نے کہا کہ شہری علاقوں میں سیلاب اور آفات سے نمٹنے کے لئے سیوک انفورسمنٹ ایجنسی تشکیل دی گئی ہے۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات کے 150 سال کی تکمیل پر حیدرآباد میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہائیڈرا کے کمشنر نے کہا کہ ہائیڈرا اپنی نوعیت کی پہلی ایجنسی ہے، جو عوامی اثاثہ جات جیسے پارکس، سڑکیں، آبی ذخائر اور کھلے مقامات کے تحفظ کرے گی۔انہوں نے کہا کہ شہر میں جھیلوں اور نالوں کو ختم کر دیا گیا ہے اور صرف دو سنٹی میٹر بارش کے بعد حیدرآباد میں ٹریفک کے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے شہری علاقوں میں آفات کا فیصد 33 سے 34 فیصد تھا جو کہ آئندہ دنوں 50 فیصد ہونے کا امکان ہے۔ اس موقع پر ہائیڈرا کمشنر نے آفات سے نمٹنے کے دوران پیش آنے والے چیلنجز کا تذکرہ کیا۔آپ کو بتادیں کہ بنگال میں تباہ کن طوفان میں ہزاروں افراد کی ہلاکت کے بعد سال 1875ء میں ہندوستانی محکمہ موسمیات کی تشکیل کی گئی تھی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 116 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔